بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

ShareThis

طورخم گیٹ پر پاک افغان فورسز میں جھڑپ ایک پاکستانی اہلکار زخمی

پاکستانی فورسز نے کی بھرپور جوابی کارروائی، افغان گنیں خاموش ہوگئیں، آئی ایس پی آر کا موقف، افغان حکومت واقعے کی فوری تحقیقات کرے، وزیراعظم ہاؤس

اسلام آباد (جنگ نیوز) طورخم بارڈ پر افغان فورسز کی بلااشتعال فائر نگ میں پاک فوج کا ایک جوان زخمی ہو گیا، پاکستانی فورسز نے بھی بھرپور جوابی کارروائی کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک افغان سرحد طورخم بارڈ پر افغان فورسز نے بلا اشتعال فائر نگ کر دی، واقعے میں ایک پاکستانی فوجی زخمی ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستانی فورسز نے بھی بھرپور جوابی کارروائی کی جس کے بعد افغان گنیں خاموش ہو گئیں۔ واضح رہے کہ طورخم بارڈر پاک افغان کراسنگ کیلئے سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے، حالیہ دنوں میں دہشت گردوں کی بڑی تعداد نے طورخم بارڈر کراس کیا، دہشت گردوں کی آمد ورفت روکنے کیلئے پاکستان اپنی طرف گیٹ لگا رہا ہے، جس کا مقصد غیر ضروری، غیر قانونی آمد ورفت روکنا ہے۔ ادھر حکومت پاکستان نے پاک افغان سرحد کے قریب پاک فوج کے جوانوں کی سیکورٹی سے متعلق شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور ترجمان وزیراعظم آفس کہا ہے کہ توقع ہے افغان حکومت واقعے کی فوری تحقیقات کرے گی، بلا اشتعال حملے پاک افغان تعلقات میں مدد گار نہیں ہوں گے۔

آج کا اخبار پڑھئے

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے

浦和ワシントンホテル

5,500円～

楽天トラベル